لاس اینجیلس میں ہندوستانی آب و تاب

لاس اینجلس، کیلی فورنیا کے ایک طائفہ بالی ووڈ اسٹیپس کے رقاص یونیورسٹی آف کیلی فورنیا، لاس اینجلس کے اسکول آف تھیٹر فلم اینڈ ٹیلی ویژن میں ہندوستان کی یوم آزادی کا جشن مناتے ہوئے۔ یہاں ۶ دن کا ہندوستان ثقافتی میلہ لگایا گیا تھا جس کے آخری دن انہوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ ۱۰ اگست سے ۱۵ اگست تک کے اس جشن میں ہندوستانی فلمیں دکھائی گئیں اور بالی ووڈ کے ستاروں نے حصہ لیا۔ آرٹ کے نمونے پیش کئے گئے۔ فیشن ڈانس اور مذہبی امور پر مذاکرات بھی ان تقریبات کا حصہ تھے۔ اس جشن کا اہتمام یو سی ایل اے، صحت کی دیکھ بھال کرنے والے گروپ ایم گلوبل ٹرسٹ، انٹرنیشنل کری ایٹو مینجمنٹ اور لاس اینجلس میں جنوبی ایشیا کے آرٹ کی موجودگی کا احساس دلانے میں کوشاں ایک غیر منافع بخش تنظیم آرٹ والا نے کیا تھا۔

Registered Under RNI-DELURO/2001/9333